مشق نمبر ١٧ ( مرکبِ اضافی ۔ حصہ چہارم )

اُردو میں ترجمہ کریں.

١. هُمَا بَوَّابَانِ صَالِحَانِ.

ضمیر   موصوف + صفت

مبتداء + (مرکبِ توصیفی) خبر = جملہ اسمیہ

وہ دونوں نیک دربان ہیں.

٢. هُمَا بَوَّابَا الْقَصْرِ.

ضمیر   مضاف + مضاف الیہ

مبتداء + (مرکبِ اضافی) خبر = جملہ اسمیہ

وہ دونوں محل کے دربان ہیں.

٣. أَ بَوَّابَا الْقَصْرِ صَالِحَانِ؟

حرف   مضاف + مضاف الیہ   نکرہ

استفہام + (مرکبِ اضافی) مبتداء + خبر = جملہ اسمیہ استفہامیہ.

کیا محل کے دونوں دربان نیک ہیں؟

Samina Khalil Uppal

٤. إِنَّ بَوَّابَيِ الْقَصْرِ صَالِحَانِ.

حرف   مضاف + مضاف الیہ   نکرہ

مشبہ بالفعل + (مرکبِ اضافی) اسمِ إنَّ + خبرِ إنَّ = جملہ اسمیہ تاکیدی.

بے شک محل کے دونوں دربان نیک ہیں۔

٥. يَدَانِ نَظِيفَانِ وَ رِجْلَانِ وَسِخَتَانِ.

موصوف + صفت   حرف   موصوف + صفت

مرکبِ توصیفی (معطوف علیہ) عطف   مرکبِ توصیفی (معطوف)

کوئی دو صاف ہاتھ اور کوئی دو میلے پاؤں

٦. يَدَا طِفْلَةِ زَيْدٍ وَسِخَتَانِ.

مضاف مضاف الیہ¹ / مضاف²   نکرہ

مضاف الیہ²

(مجموعہ مرکب اضافی) مبتداء + خبر = جملہ اسمیہ

زید کی بچی کے دونوں ہاتھ گندے ہیں.

۷ رِجْلَا طِفْلِ الْمُعَلِّمَةِ الصَّغِيْرِ نَظِيْفَتَانِ.

مضاف ۱ + مضاف الیہ ۱

مضاف ۲ + مضاف الیہ ۲

موصوف + صفت

نکرہ (تثنیہ)

(پیچیدہ مرکب اضافی) مبتداء + خبر = جملہ اسمیہ

اُستانی کے چھوٹے بچے کے دونوں پاؤں صاف ہیں۔

---

۸ رُؤُوْسُ الْجِبَالِ الْجَمِيْلَةُ.

موصوف — صفت

مضاف + مضاف الیہ = مرکب اضافی۔

پہاڑوں کی خوبصورت چوٹیاں

---

۹ أَ مُعَلِّمُوْا الْمَدْرَسَةِ مُجْتَهِدُوْنَ؟

حرف — مضاف + مضاف الیہ — نکرہ

استفہام (مرکب اضافی) مبتداء + خبر = جملہ اسمیہ استفہامیہ

کیا مدرسے کے اساتذہ محنتی ہیں؟

---

۱۰ إِنَّ مُعَلِّمِيْ الْمَدْرَسَةِ مُجْتَهِدُوْنَ.

حرف — مضاف + مضاف الیہ — نکرہ

مشبہ بالفعل + (مرکب اضافی) اسمِ إنَّ + خبرِ إنَّ = جملہ اسمیہ تاکیدی

بے شک مدرسے کے اساتذہ محنتی ہیں۔

## عربی میں ترجمہ کریں۔

۱ وہ دونوں بہادر لشکر ہیں۔

مبتداء ضمیر + (مرکب توصیفی) خبر = جملہ اسمیہ

هُمَا جُنْدَانِ جَرِيْئَانِ.

---

۲ کچھ بگڑے ہوئے چہرے

موصوف + صفت = مرکب توصیفی (نکرہ)

وُجُوْهٌ بَاسِرَةٌ

(۱۷/۳)

۳ بے شک زید کی دونوں کتابیں مشکل ہیں۔

تاکید مرکبِ اضافی (مبتداء) نکرہ (خبر) = جملہ اسمیہ

إنَّ كِتَابَيْ زَيْدٍ صَعْبَانِ.

---

۴ زید کی مشکل کتابیں محمود کے پاس ہیں۔

مرکبِ اضافی (مرکبِ توصیفی) + قائم مقام خبر = جملہ اسمیہ۔

كُتُبُ زَيْدٍ الصَّعْبَةُ عِنْدَ مَحْمُوْدٍ.

---

۵ کیا محلہ کے مومن (ج) نیک ہیں؟

حرف مرکبِ اضافی نکرہ

استفہام مبتداء + خبر = جملہ اسمیہ استفہامیہ

هَلْ مُؤْمِنُو الْحَارَةِ صَالِحُوْنَ؟

---

۶ یقیناً محلہ کے مومن (ج) نیک ہیں۔

تاکید مرکبِ اضافی نکرہ

مبتداء + خبر = جملہ اسمیہ تاکیدی

إنَّ مُؤْمِنِي الْحَارَةِ صَالِحُوْنَ.

---

۷ چھوٹی بکری کا گوشت اور گائے کا تازہ دودھ بہت ہی عمدہ ہیں۔

مرکبِ توصیفی حرف مرکبِ توصیفی نکرہ

Samra Khalil Uppal

(مضاف الیہ + مضاف عطف مضاف الیہ + مضاف) خبر = جملہ اسمیہ

لَحْمُ الشَّاةِ الصَّغِيْرَةِ وَ لَبَنُ الْبَقَرَةِ الطَّرِيُّ جَيِّدَانِ جِدًّا.

---

۸ بے شک دونوں مردوں کے چہرے بگڑے ہوئے ہیں۔

تاکید مضاف الیہ + مضاف نکرہ

(مرکبِ اضافی) مبتداء + خبر = جملہ اسمیہ تاکیدی

إنَّ وَجْهَيِ الرَّجُلَيْنِ بَاسِرَانِ.

---

۹ حامد اور محمود خوشدل لڑکے ہیں اور وہ عالم زید کے شاگرد ہیں۔

(مرکبِ عطفی) مبتداء + نکرہ خبر حرف ضمیر مبتداء + مرکبِ اضافی (خبر)

جملہ اسمیہ عطف جملہ اسمیہ

حَامِدٌ وَّ مَحْمُوْدٌ وَلَدَانِ بَشُوْشَانِ وَ هُمَا تِلْمِيْذَا زَيْدٍ الْعَالِمِ.